364

آیات نمبر 62 تا 70 میں قیامت کے روز مشرکین اور ان کے جھوٹے معبودوں کے انجام کا
ذکر۔ رسولوں کی تکذیب کرنے والوں کا انجام۔ اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور بالآخر سب لوگ
اسی کے سامنے پیش کئے جائیں گے۔ روز قیامت ہر ایک پر یہ بات واضح ہو جائے گی کہ
صرف اللہ ہی معبود ہے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ اور
جب قیامت کے دن اللہ انہیں پکار کر فرمائے گا کہ کہاں ہیں وہ آج جنہیں تم اپنے
گمان میں میرا شریک ٹھہرایا کرتے تھے ؟ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ
رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ جن لوگوں پر اللہ کے عذاب کا فرمان ثابت ہو
چکا ہو گا، وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب! یہ وہی لوگ ہیں جنہیں ہم نے گمراہ کیا تھا
اگرچہ سوال تو مشرکین سے کیا جائے گا لیکن ان کے جواب دینے سے پہلے وہ شیاطین
جن و انس جو لوگوں کو گمراہ کرنے میں پیش پیش تھے اپنی صفائی میں خود ہی بول
اٹھیں گے اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۫ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا
يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾ لیکن ہم نے انہیں اسی طرح گمراہ کیا جیسے ہم خود گمراہ ہوئے تھے،
آج ہم ان سے بری الذمہ اور بیزار ہو کر تیری طرف متوجہ ہوتے ہیں اور درحقیقت
یہ لوگ ہماری نہیں بلکہ اپنے نفس کی پرستش کرتے تھے وَقِيْلَ ادْعُوْا
شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ
اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾ اور مشرکین سے کہا جائے گا کہ اپنے ان شریکوں کو
پکارو، وہ انہیں پکاریں گے لیکن وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور جب عذاب کو اپنی

آنکھوں سے دیکھ لیں گے تو تمنا کریں گے کہ کاش دنیا میں ہدایت کا راستہ اختیار کر
لیتے مشرکین اپنی دانست میں جنہیں اپنا معبود سمجھتے تھے انہیں پکاریں گے لیکن انہیں کہیں سے
کوئی جواب نہ ملے گا وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾
اور اس دن اللہ انہیں پکار کر پوچھے گا کہ تم نے ہمارے رسولوں کو کیا جواب دیا تھا؟
فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ اس وقت وہ اس
قدر بدحواس ہوں گے کہ نہ ان کے اپنے پاس کوئی جواب ہوگا اور نہ ہی یہ آپس میں
ایک دوسرے سے پوچھ سکیں گے فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا
فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾ البتہ جس نے آج توبہ کر لی اور ایمان لے
آیا اور نیک عمل کیے وہی یہ توقع کر سکتا ہے کہ اس دن فلاح پانے والوں میں شامل ہو
گا وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَ يَخْتَارُ ؕ اور اے پیغمبر (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)! آپ کا رب جو
چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنے کام کے لئے منتخب کر لیتا ہے مَا كَانَ
لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٨﴾ انتخاب کا یہ اختیار اِن
لوگوں کے پاس نہیں اور اللہ ان لوگوں کے شرک سے پاک اور بلند و برتر ہے وَ
رَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ آپ کا رب خوب جانتا ہے جو
کچھ یہ لوگ اپنے سینہ میں چھپائے رکھتے ہیں اور جو کچھ یہ ظاہر کرتے ہیں وَ هُوَ اللّٰهُ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اور وہی ایک اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی اور عبادت کے لائق نہیں
لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ ۫ وَ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ اسی

کے لیے دنیا میں بھی حمد ہے اور آخرت میں بھی اور حقیقی فرمانروئی اسی کی ہے، بالآخر اس ہی کے پاس تم سب کو واپس لوٹ کر جانا ہے

[#364]

In verses 62 to 70, there is a mention of the fate of the polytheists and their false deities on the Day of Resurrection. It also highlights the end of those who rejected the messengers. Allah is capable of all things, and ultimately, everyone will be presented before Him. On the Day of Judgment, it will become clear to everyone that only Allah is the true deity.

وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِیَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾

And on the Day [of Resurrection], Allah will call out [to wrongdoers], saying, 'Where are those [gods] whom you claimed to be My partners?'

قَالَ الَّذِیۡنَ حَقَّ عَلَیۡہِمُ الۡقَوۡلُ رَبَّنَا ہٰۤؤُلَآءِ الَّذِیۡنَ
اَغۡوَیۡنَا ۚ

Those upon whom the decree of punishment will have confirmed, will say, 'Our Lord! These are the ones whom we led astray'.

اَغۡوَیۡنٰہُمۡ کَمَا غَوَیۡنَا ۚ تَبَرَّاۡنَاۤ اِلَیۡکَ ۫ مَا کَانُوۡۤا اِیَّانَا
یَعۡبُدُوۡنَ ﴿۶۳﴾

But we led them astray as we were astray ourselves. We now disassociate ourselves from them before You. In fact, it was not us, whom they worshipped, [but they were worshiping their own desires].

وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ
وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾

And it will be said to the polytheists, 'Call upon your partners (whom you associated with Allah).' They will call upon them, but they will not answer them. And when they see the punishment [of hellfire before their eyes], [they will wish that] they had followed the path of guidance [in the world].

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾

And on that Day, Allah shall call out to them and ask, 'What response did you give to [My] messengers'?

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾

[At that time], they will be so bewildered that they will have no answer to give, nor will they be able to ask one another.

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ
الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾

However, the one who repents, and becomes a believer, and does righteous deeds [in this world], may hope to be among those who attain success [on that Day.]

وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَ يَخْتَارُ ؕ

And [O Prophet!] your Lord [alone] creates whatever He so wills, and He [alone] chooses whomever, He so wills [to convey His message].

مَا كَانَ لَهُمُ الۡخِيَرَةُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۶۸﴾

This choice [of selection] is not for them. Glorified be Allah and exalted above all that they associate with Him as partners.

رَبُّكَ يَعۡلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوۡرُهُمۡ وَ مَا يُعۡلِنُوۡنَ ﴿۶۹﴾

Your Lord knows well what they conceal in their breasts, and what they reveal.

وَهُوَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

And He is Allah; there is no god [worthy of worship] except Him".

لَهُ الۡحَمۡدُ فِي الۡاُوۡلٰى وَ الۡاٰخِرَةِ ۫ وَ لَهُ الۡحُكۡمُ وَ اِلَيۡهِ
تُرۡجَعُوۡنَ ۝٧٠

To Him is [due all] praise, in this world and the Hereafter. And to Him [alone] does all judgement belong. And to Him, you shall all return.